Series EF1GH/5

SET~2

Q.P. کوڈ
Q.P. Code **264/5/2**

رول نمبر
Roll No.

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |

امیدوار Q.P. کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# اکاؤنٹینسی (کھاتہ داری)

# ACCOUNTANCY

**(Urdu Version)**

مقررہ وقت : 3 گھنٹے
*Time allowed : 3 hours*

کل نمبر : 80
*Maximum Marks : 80*

**نوٹ / NOTE :**

*(i)* آپ جانچ لیجیے کہ اس سوالنامے میں چھپے صفحات کی تعداد 23 ہے۔
*Please check that this question paper contains **23** printed pages.*

*(ii)* پرچہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہے۔
*Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.*

*(iii)* آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامے میں چھپے سوالات کی تعداد 34 ہے۔
*Please check that this question paper contains **34** questions.*

*(iv)* **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا نمبر ضرور جوابی کاپی میں لکھیں۔**
***Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.***

*(v)* سوالنامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالنامہ صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔
*15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the candidates will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.*

**عام ہدایات:** مندرجہ ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے اور ان پر عمل کیجیے :

(i) اس سوالنامے میں 34 سوالات ہیں۔ **تمام** سوالات لازمی ہیں۔

(ii) سوالنامے کے **دو** حصّے ہیں۔ **حصّہ – A** اور **حصّہ – B**

(iii) **حصّہ – A** تمام امیدواروں کے لیے لازمی ہے۔

(iv) **حصّہ – B** کے **دو متبادلات** ہیں (I) مالی گوشواروں کا تجزیہ اور (II) کمپیوٹرائزڈ کھاتہ داری – امیدواروں کو **حصّہ – B** میں منتخب کردہ مضمون کے مطابق صرف **ایک** ہی متبادل کے سوالات کے جواب لکھنے ہیں۔

(v) سوال 1 سے 16 اور 27 سے 30 تک **ایک-ایک** نمبر کے سوالات ہیں۔

(vi) سوال 17 سے 20، 31 اور 32 تک **تین-تین** نمبر کے سوالات ہیں۔

(vii) سوال 21، 22 اور 33 **چار-چار** نمبر کے سوالات ہیں۔

(viii) سوال 23 سے 26 اور 34 تک **چھ-چھ** نمبروں کے سوالات ہیں۔

(ix) سوالنامے میں مجموعی متبادل نہیں دیا گیا ہے۔ اگرچہ **ایک ایک** نمبر کے 7 سوالات میں، **تین-تین** نمبروں کے 2 سوالات میں، **چار-چار** نمبروں کے 1 سوال میں اور **چھ-چھ** نمبروں کے 2 سوالات میں داخلی متبادل کا انتخاب دیا گیا ہے۔

## حصّہ – A

## (ساجھے داری فرموں اور کمپنیوں کے لیے کھاتہ داری)

1. (a) مانَس اور ملی ایک فرم کے ساجھے دار ہیں اور 2 : 3 کے تناسب میں نفع-نقصان بانٹتے ہیں۔ آئندہ کے منافعوں میں 1/4 ویں حصے کے لیے انکتا کو ایک نئے ساجھے دار کی حیثیت سے داخلہ دیا گیا۔ مانَس اور ملی کا سرمایہ بالترتیب ₹ 3,00,000 اور ₹ 1,50,000 تھا۔ انکتا اپنے سرمائے کی شکل میں ₹ 2,00,000 لائی۔ انکتا کے داخلے پر فرم کی ساکھ کی قدر تھی : 1

(A) ₹ 2,50,000 (B) ₹ 8,00,000

(C) ₹ 4,50,000 (D) ₹ 1,50,000

**یا**

(b) منی اور مانسی ساجھے دار ہیں اور 3 : 4 کے تناسب میں منافع بانٹتے ہیں۔ اُنہوں نے منافع میں 3/7 ویں حصے کے لیے نشا کو ایک نیا ساجھے دار بنایا جس کے 2/7 ویں حصے کا حصول اُس نے منی اور 1/7 ویں حصے کا مانسی سے کیا۔ منی، مانسی اور نشا کا نیا منافع کا تناسب ہو گا: 1

(A) 4 : 3 : 3 (B) 5 : 3 : 2
(C) 2 : 3 : 5 (D) 2 : 2 : 3

2. نیتا، سُمن اور ہریش ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور 1 : 2 : 3 کے تناسب میں منافع کو بانٹتے تھے۔ سُمن فرم سے سبکدوش ہو گئی۔ سُمن کی سبکدوشی کی تاریخ کو سُمن کو ₹ 30,000 واجب الادا تھے۔ باقی ساجھے داروں نے یہ فیصلہ کیا کہ اُسے یہ ادائیگی تین سالانہ قسطوں میں پہلے سال کے خاتمے سے شروع کر کے کی جائے گی۔ ₹ 30,000 کی منتقلی مندرجہ ذیل میں سے کس کھاتے میں کی جائے گی؟ 1

(A) سُمن کا قرض کھاتہ (B) سُمن کے وصی کا کھاتہ
(C) سُمن کا بینک کھاتہ (D) سُمن کا چالو کھاتہ

3. پریمیر آٹو لمٹیڈ نے آنند لمٹیڈ سے ₹ 3,60,000 کی قیمت کے اثاثے خریدے اور قیمت خرید کی ادائیگی ₹ 100 فی قرض نامے کے حساب سے 11% قرض ناموں کو 10% بٹے پر جاری کر کے کیا۔ پریمیم آٹو لمٹیڈ کے ذریعے جاری کردہ قرض ناموں کی تعداد تھی: 1

(A) 3,600 (B) 36,000
(C) 40,000 (D) 4,000

4. آدتیہ، ابھینو اور انکت ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور 3 : 3 : 4 کے تناسب میں نفع-نقصان بانٹتے تھے۔ 31 مارچ 2022 کو فرم تحلیل ہو گئی۔ تحلیل کے عمل کو پورا کرنے کے لیے آدتیہ کو مقرر کیا گیا جس کے لیے اُسے ₹ 42,000 کی اجرت قابل ادائیگی تھی۔ آدتیہ وصولی خرچ ادائیگی کرنے کے لیے راضی ہو گیا۔ تحلیل پر حقیقی خرچ ₹ 33,000 کا تھا جس کی ادائیگی آدتیہ نے کی۔ آدتیہ کے پونجی کھاتے کے کریڈٹ کے خانے میں اندراج کی جانے والی رقم ہو گی: 1

(A) ₹ 42,000 (B) ₹ 33,000
(C) ₹ 9,000 (D) ₹ 18,000

5. اندو، وجے اور پون ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور 3 : 3 : 4 کے تناسب میں منافع بانٹتے تھے۔ یکم اپریل 2022 سے اُنہوں نے سہاش کو ایک نیا ساجھے دار بنایا۔ اندو، وجے، پون اور سہاش کا منافع کی تقسیم کا نیا تناسب 2 : 2 : 3 : 3 ہوگا۔ 31 مارچ 2022 کو اُن کی بیلنس شیٹ حسب ذیل ہے: 1

| دین داریاں | رقم (₹) | اثاثے | رقم (₹) |
|---|---|---|---|
| سرمایہ کاری اتار چڑھاؤ ریزرو | 80,000 | سرمایہ کاری (بازار قیمت ₹ 80,000) | 90,000 |

سہاش کے داخلے پر سرمایہ کاری اُتار چڑھاؤ ریزرو کا مندرجہ ذیل میں سے کون سا اندراج صحیح ہوگا؟

**روزنامچہ**

| | تفصیل | | ڈیبٹ رقم (₹) | کریڈٹ رقم (₹) |
|---|---|---|---|---|
| (A) | سرمایہ کاری اتار چڑھاؤ کھاتہ | ڈیبٹ | 10,000 | |
| | از سرِ نو تعین قدر کھاتہ | | | 10,000 |
| (B) | سرمایہ کاری اُتار چڑھاؤ ریزرو کھاتہ | ڈیبٹ | 80,000 | |
| | اِندو کا سرمایہ کھاتہ | | | 32,000 |
| | وجے کا سرمایہ کھاتہ | | | 24,000 |
| | پون کا سرمایہ کھاتہ | | | 24,000 |
| (C) | از سر نو تعین قدر کھاتہ | ڈیبٹ | 10,000 | |
| | سرمایہ کاری اُتار چڑھاؤ ریزرو کھاتہ | | | 10,000 |
| (D) | سرمایہ کاری اُتار چڑھاؤ ریزرو کھاتہ | ڈیبٹ | 80,000 | |
| | سرمایہ کاری کھاتہ | | | 10,000 |
| | اِندو کا سرمایہ کھاتہ | | | 28,000 |
| | وجے کا پونجی کھاتہ | | | 21,000 |
| | پون کا پونجی کھاتہ | | | 21,000 |

6. (a) امیت، سُمیت اور کیارا ایک فرم کے ساجھے دار ہیں اور 1 : 2 : 2 کے تناسب میں نفع-نقصان بانٹتے ہیں۔ سُمیت کو کمیشن دینے کے بعد خالص منافع پر 15% کمیشن قابل ادائیگی ہے۔ کمیشن دینے سے پہلے خالص منافع ₹ 9,20,000 ہے۔ سمیت کو قابل ادائیگی کمیشن ہوگا: 1

(A) ₹ 1,20,000 (B) ₹ 1,38,000

(C) ₹ 48,000 (D) ₹ 55,200

**یا**

(b) پی، کیو اور آر ایک فرم کے ساجھے دار اور 1 : 2 : 2 کے تناسب میں نفع-نقصان بانٹتے ہیں۔ 31 مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے لیے اُن کے کھاتے کے کریڈیٹ کے خانے میں سرمائے پر سود کا اندراج 5% سالانہ کی جگہ 10% سالانہ کر دی گئی۔ اُن کا مستقل سرمایہ بالترتیب ₹ 2,00,000 ؛ ₹ 1,00,000 اور ₹ 50,000 تھا۔ اس غلطی کو سدھارنے کے لیے ضروری ایڈجسٹمنٹ اندراج ہوگا: 1

**روزنامچہ**

| | تفصیل | | ڈیبٹ رقم (₹) | کریڈٹ رقم (₹) |
|---|---|---|---|---|
| (A) | پی کا چالو کھاتہ | ڈیبٹ | 2,000 | |
| | کیو کا چالو کھاتہ | | | 1,000 |
| | آر کا چالو کھاتہ | | | 1,000 |
| (B) | پی کا چالو کھاتہ | ڈیبٹ | 3,000 | |
| | کیو کا چالو کھاتہ | | | 2,000 |
| | آر کا چالو کھاتہ | | | 1,000 |
| (C) | پی کا سرمایہ کھاتہ | ڈیبٹ | 2,000 | |
| | کیو کا سرمایہ کھاتہ | | | 1,000 |
| | آر کا سرمایہ کھاتہ | | | 1,000 |
| (D) | پی کا سرمایہ کھاتہ | ڈیبٹ | 3,000 | |
| | کیو کا سرمایہ کھاتہ | | | 2,000 |
| | آر کا سرمایہ کھاتہ | | | 1,000 |

7. (a) ایل، ایم اور این ایک فرم کے ساجھے دار ہیں اور 2 : 3 : 5 کے تناسب میں منافع کو بانٹتے ہیں۔ یکم اپریل، 2022 سے اُنہوں نے منافعوں کو برابر بانٹنے کا فیصلہ کیا۔ اُس تاریخ کو، عام محفوظ سرمائے میں ₹ 2,00,000 کی رقم بچی تھی اور نفع-نقصان کھاتے میں ₹ 4,00,000 باقی جمع تھا۔ منافع کے تناسب میں تبدیلی کی وجہ سے مندرجہ بالا کے لیے روزنامچہ اندراج ہوگا: 1

**روزنامچہ**

| | تفصیل | | نام سرمایہ (₹) | جمع سرمایہ (₹) |
|---|---|---|---|---|
| (A) | عام ریزرو کھاتہ | نام | 2,00,000 | |
| | نفع-نقصان کھاتہ | | | 2,00,000 |
| (B) | ایم کا سرمایہ کھاتہ | نام | 80,000 | |
| | این کا پونجی کھاتہ | نام | 20,000 | |
| | ایل کا سرمایہ کھاتہ | | | 1,00,000 |
| (C) | عام ریزرو کھاتہ | نام | 2,00,000 | |
| | نفع-نقصان کھاتہ | نام | 4,00,000 | |
| | ایل کا پونجی کھاتہ | | | 2,00,000 |
| | ایم کا پونجی کھاتہ | | | 2,00,000 |
| | این کا پونجی کھاتہ | | | 2,00,000 |
| (D) | عام ریزرو کھاتہ | نام | 2,00,000 | |
| | نفع-نقصان کھاتہ | نام | 4,00,000 | |
| | ایل کا پونجی کھاتہ | | | 3,00,000 |
| | ایم کا پونجی کھاتہ | | | 1,80,000 |
| | این کا پونجی کھاتہ | | | 1,20,000 |

یا

(b) ایکس، وائی اور زیڈ ساجھے دار ہیں اور 1 : 3 : 2 کے تناسب میں نفع اور نقصان کو بانٹتے ہیں۔ یکم اپریل 2022 سے اُنہوں نے آئندہ منافع کو 1 : 2 : 3 کے تناسب میں بانٹنے کا فیصلہ کیا۔ نفع نقصان کی تقسیم کے تناسب میں تبدیلی کے وقت کھاتوں میں درج کیے گئے فرنیچر کا اندراج بہی کھاتے میں حسب ذیل طریقے سے کیا جائے گا: 1

(A) ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں ڈیبٹ کر کے

(B) از سرِ نو تعین قدر کھاتے میں ڈیبٹ کر کے

(C) از سرِ نو تعین قدر کھاتے میں کریڈٹ کر کے

(D) ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں کریڈٹ کر کے

8. (a) ایسے قرض نامے جن کی ادائیگی ایک مخصوص مدت کے خاتمے پر یا کمپنی کے باقی رہنے کی مدت میں یکمشت یا قسطوں میں کیا جاتا ہے، اُنہیں کہا جاتا ہے: 1

(A) محفوظ شدہ قرض نامے

(B) مخصوص کوپن ریٹ قرض نامے

(C) قابل بازیابی قرض نامے

(D) قابل تبدیلی قرض نامے

**یا**

(b) قرض ناموں کے سیاق میں کون سا بیان درست نہیں ہے؟ 1

(A) قرض ناموں کا اجراء نقد کیا جا سکتا ہے۔

(B) قرض ناموں کا اجراء بٹّے پر نہیں کیا جا سکتا ہے۔

(C) قرض ناموں کا اجراء کولیٹرل سکیورٹی کے طور پر کیا جا سکتا ہے۔

(D) قرض ناموں کا اجراء پریمیم کی شکل میں کیا جا سکتا ہے۔

مندرجہ ذیل خیالی حالات کو پڑھیے اور اس کی بنیاد پر سوال 9 اور 10 کا جواب دیجیے۔

نیتا، شریا اور اشیتا ایک فرم کے ساجھے دار ہیں۔ وہ 2 : 3 : 5 کے تناسب میں منافع کو بانٹتی ہیں۔ اُن کا منتقل سرمایہ بالترتیب ₹ 1,80,000 ؛ ₹ 1,60,000 اور ₹ 2,00,000 ہے۔ 31 مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال میں نیتا نے ہر سہ ماہی کے آخر میں ₹ 7,500 کی نکاسی کی۔

9. ساجھے داری شرائط نامے میں سرمائے پر 10% سالانہ در سے سود دینے کا انتظام ہے۔ اِشیتا کے سرمائے پر سود کی در ہوگی 1

(A) ₹ 18,000 (B) ₹ 16,000

(C) ₹ 20,000 (D) ₹ 10,000

10. اوسط مہینوں کی تعداد جن پر نکاسی پر سود کا حساب لگایا جائے گا، ہوگی: 1

(A) 3½ مہینے (B) 4½ مہینے

(C) 7½ مہینے (D) 6 مہینے

11. 10 ₹ کے ایک اکوئٹی شیئر کو جس پر پوری رقم مانگی گئی تھی اور جس پر 6 ₹ کی ادائیگی کی گئی تھی باقی رقم کی ادائیگی نہ کرنے پر ضبط کر لیا گیا۔ اُسے مندرجہ ذیل میں سے کس کمترین قیمت پر دوبارہ جاری کیا جا سکتا ہے؟ 1

(A) ₹ 4 (B) ₹ 10

(C) ₹ 16 (D) ₹ 6

12. 10 ₹ فی شیئر کے 200 اکوئٹی شیرز کو 3 ₹ فی شیئر کی پہلی طلبی کی ادائیگی نہ کرنے پر ضبط کر لیا گیا۔ 2 ₹ فی شیئر کی آخری طلبی ابھی نہیں کی گئی تھی۔ ضبط کرنے پر کتنی رقم کا اندراج حصص سرمایہ میں ڈیبٹ کیا جائے گا؟ 1

(A) ₹ 2,000 (B) ₹ 1,600

(C) ₹ 1,000 (D) ₹ 2,200

13. خوشی، نمیتا اور مانوی ایک فرم میں ساجھے دار تھے اور 3 : 2 : 5 کے تناسب میں نفع-نقصان کو بانٹتے تھے۔ 30 جون، 2022 کو خوشی کی موت ہوگئی۔ ساجھے داری کے شرائط نامے میں یہ ضمانت دی گئی تھی کہ کسی بھی ساجھے دار کی موت کے وقت موت کی تاریخ تک فرم کے منافع میں اُس کے حصے کا حساب گذشتہ تین سال کے اوسط منافع میں سے ₹ 10,000 گھٹا کر کیا جائے گا۔ گذشتہ تین برسوں کے منافعے تھے: 1

| سال کا خاتمہ | نفع/نقصان (₹) |
|---|---|
| 31 مارچ 2020 | 1,20,000 |
| 31 مارچ 2021 | (50,000) |
| 31 مارچ 2022 | 1,70,000 |

موت کی تاریخ تک منافع میں خوشی کا حصہ تھا:

(A) ₹ 35,000
(B) ₹ 9,583
(C) ₹ 28,750
(D) ₹ 8,750

14. A، B اور C کی ساجھے داری فرم کی تحلیل کے وقت محفوظ منافع ₹ 4,00,000 کے مندرجہ ذیل میں سے کس کھاتے میں منتقل کیا جائے گا؟ 1

(A) ازسرِنو تعین قدر کھاتہ
(B) وصولی کھاتہ
(C) ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتے
(D) بینک کھاتہ

15. **دعویٰ : (A)** ساجھے داری ایسے لوگوں کے درمیان رشتہ ہے جو کاروبار کا منافع بانٹنے کے لیے متفق ہوئے ہوں، جس کا انتظام سب کے ذریعے یا سب کے لیے کسی ایک کے ذریعے چلایا جاسکتا ہے۔ 1

**دلیل : (R)** اگر ایک ساجھے دار یکساں نوعیت کا کوئی کاروبار کرتا ہے اور فرم کے ساتھ مسابقت کرتا ہے، تو وہ اُس کا حساب رکھے گا اور کاروبار سے کمائے گئے پورے منافع کی ادائیگی فرم کو کرے گا۔

مندرجہ ذیل سے درست متبادل کا انتخاب کیجیے:

(A) دونوں (A) اور (R) درست ہیں۔
(B) دونوں (A) اور (R) غلط ہیں۔
(C) دونوں (A) اور (R) درست ہیں اور (R)، (A) کی صحیح وضاحت ہے۔
(D) دونوں (A) اور (R) درست ہیں لیکن (R)، (A) کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

.16 (a) عائشہ لمٹیڈ نے 10 ₹ فی شیئر کے حساب سے 1,10,000 حصص کا جنہیں 20% کے پریمیم پر جاری کیا گیا تھا، 2 ₹ فی شیئر کی پہلی طلبی اور 3 ₹ کے فی شیئر کی آخری طلبی کی ادائیگی نہ کرنے پر ضبط کر لیا۔ حصص کی ضبطی کے کھاتے کے جمع کے خانے میں اندراج کیا جائے گا: 1

(A) ₹ 5,50,000 (B) ₹ 7,70,000
(C) ₹ 2,20,000 (D) ₹ 5,00,000

**یا**

(b) مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان صحیح ہے؟ 1

(A) کسی پبلک لمٹیڈ کمپنی کے حصص آزادانہ طور پر قابل منتقلی نہیں ہوتے۔

(B) ادائیگی شدہ سرمایہ مقررہ سرمائے کا وہ حصہ ہے جسے مانگا گیا ہے۔

(C) تنظیم کی شرائط شراکت میں دیے گئے سرمائے سے زیادہ سرمایہ کمپنی جمع نہیں کر سکتی۔

(D) سرمائے کا وہ حصہ جو نہیں مانگا گیا ہے جسے صرف کمپنی کی تحلیل کے وقت ہی مانگا جا سکتا ہے ریزرو سرمایہ کہلاتا ہے۔

.17 (a) ترون، ابھیشیک، کمل اور وِویک ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور 2 : 2 : 3 : 5 کے تناسب میں منافع بانٹتے تھے۔ 31 مارچ 2022 کو کمل سبکدوش ہو گیا۔ ترون، ابھیشیک اور وِویک آئندہ منافع برابر برابر بانٹنے کا فیصلہ کیا۔ کمل کی سبکدوشی پر فرم کی ساکھ کا تعین قدر 9,00,000 ₹ پر کیا گیا۔
اپنے کام کو واضح طور پر دکھاتے ہوئے کمل کی سبکدوشی پر ساکھ کا روزنامچہ میں اندراج کیجیے۔ یہ فیصلہ کیا گیا ہے کی ساکھ کو فرم کی کتابوں میں نہیں دکھایا جائے گا۔ 3

**یا**

(b) اتل اور گیتا ساجھے دار تھے اور 2 : 3 کے تناسب میں منافع بانٹتے تھے۔ ایرا کو منافع میں 1/4 حصے کے لیے فرم میں داخل کیا گیا۔ ایرا اپنے سرمائے کے طور پر 40,000 ₹ لائی۔ ساکھ، اثاثوں اور دین داریوں کے از سر نو تعین قدر وغیرہ سے متعلق سبھی ایڈجسٹمنٹ کے بعد اتل اور گیتا کا سرمایہ بالترتیب 60,000 ₹ اور 40,000 ₹ تھا۔ اس پر اتفاق ہوا کہ ساجھے داروں کا سرمایہ منافع کے نئے تناسب کے مطابق ہوگا۔
پرانے ساجھے داروں کو ادائیگی کی گئی یا ان کے ذریعے لائی گئی پونجی کا حساب لگائیے اور اس کے لیے ضروری روزنامچہ اندراج کیجیے۔ 3

18. (a) آشا، دِشا اور راگھو ایک فرم میں ساجھے دار تھے اور 1 : 3 : 2 کے تناسب میں منافع بانٹتے تھے۔ ساجھے داری کے معاہدے کے مطابق راگھو کو ₹ 40,000 منافع کی ضمانت دی گئی تھی۔ 31 مارچ 2022 کو ختم ہونے والے سال میں فرم کا خالص منافع ₹ 1,20,000 تھا۔

31 مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے لیے فرم کا نفع-نقصان ایڈ جسٹمنٹ کھاتہ تیار کیجیے۔ 3

**یا**

(b) اکھل اور نکھل ساجھے دار تھے اور 2 : 3 کے تناسب میں نفع-نقصان بانٹتے تھے۔ اُن کا سرمایہ بالترتیب ₹ 1,00,000 اور ₹ 80,000 تھا۔ سرمایہ پر 6% سالانہ کی در سے سود پر اتفاق ہوا۔ نکھل کو ₹ 9,200 سالانہ تنخواہ دی جاتی تھی۔ سال 22-2021 میں سرمائے پر سود کے حساب سے پہلے نکھل کی تنخواہ لگانے کے بعد خالص منافع ₹ 1,20,000 تھا۔

31 مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے لیے فرم کا نفع-نقصان ایڈ جسٹمنٹ کھاتہ تیار کیجیے۔ 3

19. آیوش اور آروشی ساجھے دار تھے اور 2 : 3 کے تناسب میں نفع-نقصان بانٹتے تھے۔ اُنہوں نے منافع میں 1/4 حصے کے لیے نوین کو ایک ساجھے دار بنایا۔ فرم کی ساکھ کا تعین قدر فاضل منافع کے تین سال کی خریداری کی بنیاد پر کرنا تھا۔ فرم کا اوسط خالص منافع ₹ 20,000 تھا۔ فرم میں ₹ 50,000 کی سرمایہ کاری کی گئی تھی اور واپسی کی عام در 10% تھی۔ نوین کی لائی گئی ساکھ پریمیم کی رقم کا حساب لگائیے۔ 3

20. کبیر لمٹیڈ نے امرت لمٹیڈ کی ₹ 10,00,000 کے اثاثے اور ₹ 1,00,000 کی دین داریوں کی خریداری ₹ 8,00,000 کی قیمت خرید پر کی۔ کبیر لمٹیڈ نے ₹ 2,60,000 کی ادائیگی ایک چیک کے ذریعے اور بقیہ رقم کی ادائیگی ₹ 100 فی قرض نامے کے حساب سے 12% قرض ناموں کو 10% بٹّے پر جاری کرکے کی۔ کبیر لمٹیڈ کی کتابوں میں مندرجہ بالا لین دین کے روزنامچہ اندراجات کیجیے۔ 3

.21 انّتی لمٹیڈ 10 ₹ فی شیئر کے حساب سے اکوئٹی شیئرز میں منقسم 8,00,000 ₹ کے منظور شدہ سرمائے کے ساتھ رجسٹرڈ تھی۔ کمپنی نے 60,000 اکوئٹی حصص کے اجراء کے لیے پراسپیکٹس جاری کیا۔ کمپنی کو 58,000 اکوئٹی حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں۔ سبھی طلبیاں مانگ لی گئیں اور موصول ہو گئیں۔ 3,000 حصص کے ایک حصص دار مہیت کو چھوڑ کر جس نے 3 ₹ فی شیئر کی دوسری اور آخری طلبی کی ادائیگی نہیں کی تھی۔ ان شیئرز کو ضبط کر لیا گیا۔

(a) کمپنی ضابطہ 2013 کی فہرست III حصہ I کے مطابق بیلنس شیٹ میں حصص سرمایہ دکھائیے۔

(b) اسی کے لیے ''کھاتوں کے نوٹس'' بھی تیار کیجیے۔ 4

.22 B ،A اور C ایک پرنٹر بنانے والی فرم کے ساجھے دار تھے۔ وہ 1 : 2 : 2 کے تناسب میں نفع-نقصان بانٹتے تھے۔ 31 مارچ 2022 کو اُن کی بیلنس شیٹ حسبِ ذیل تھی:

**31 مارچ 2022 کو B ،A اور C کی بیلنس شیٹ**

| دین داریاں | رقم (₹) | اثاثے | رقم (₹) |
|---|---|---|---|
| پونجی: | | آراضی و عمارت | 3,00,000 |
| A – 1,50,000 | | پلانٹ و مشینری | 2,50,000 |
| B – 2,00,000 | | دین دار | 80,000 |
| C – 2,00,000 | 5,50,000 | اسٹاک | 70,000 |
| عام ریزرو | 2,50,000 | نقد در دست | 60,000 |
| لین دار | 30,000 | بینک میں نقدی | 90,000 |
| قابل ادائیگی بل | 20,000 | | |
| | **8,50,000** | | **8,50,000** |

30 جون 2022 کو B کی موت ہو گئی۔ شرائط شراکت کے مطابق اُس کے قانونی ورثاء کو حسب ذیل ادائیگیاں کی جانی تھیں:

(i) ساکھ میں اُس کے حصے کے ₹ 24,000

(ii) سرمایہ پر 12% سالانہ کی درسے سود

(iii) موت کی تاریخ تک منافع میں اُس کا حصہ جس کا حساب فروخت کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ یکم اپریل 2022 سے 30 جون 2022 تک فروخت ₹ 1,25,000 کی تھی۔ 31 مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے لیے فروخت اور منافع بالترتیب ₹ 10,00,000 اور ₹ 2,50,000 تھے۔

اُس کے قانونی ورثاء کو پیش کرنے کے لیے B کا سرمایہ کھاتہ تیار کیجیے۔ 4

23. (a) کمل، راہل اور نیرج ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور 2 : 3 : 5 کے تناسب میں نفع-نقصان بانٹتے تھے۔ 31مارچ 2022 کو اُن کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی:

**31 مارچ 2022 کو کمل،راہل ور نیرج کی بیلنس شیٹ**

| دین داریاں | | رقم (₹) | اثاثے | رقم (₹) |
|---|---|---|---|---|
| سرمایہ: | | | اراضی وعمارت | 1,70,000 |
| کمل | 1,20,000 | | پلانٹ ومشینری | 2,60,000 |
| راہل | 1,20,000 | | اسٹاک | 1,00,000 |
| نیرج | 1,20,000 | 3,60,000 | دین دار | 80,000 |
| عام ریزرو | | 1,20,000 | نقد | 50,000 |
| مختلف لین دار | | 1,80,000 | | |
| | | **6,60,000** | | **6,60,000** |

مندرجہ بالا تاریخ کو راہل سبکدوش ہو گیا اور مندرجہ ذیل شرائط پر اتفاق ہوا:

(i) فرم کی ساکھ کا تعین قدر ₹ 3,50,000 کیا گیا۔

(ii) مختلف لین داروں میں شامل ₹ 10,000 کی ایک مد تھی جس کا دعوی نہیں کیا جانا تھا اور اُسے کالعدم کر دیا گیا۔ اسٹاک کا تعین قدر ₹ 90,000 پر کیا گیا۔

(iii) نئی فرم کی پونجی ₹ 2,10,000 مقرر کی گئی تھی۔ اس کا ایڈجسٹمنٹ بقیہ ساجھے داروں کے منافع کی تقسیم کے تناسب میں کرنا تھا۔ اس کے لیے حسب ضرورت نقدی لائی جائے گی یا اُسکی ادائیگی کی جائے گی۔

(iv) راہل کو واجب الادا رقم کی منتقلی اُس کے قرض کھاتے میں کر دی جائے گی۔

راہل کی سبکدوشی پر از سر نو تعین قدر کھاتہ اور ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتے تیار کیجیے۔ 6

**یا**

(b) آشیش اور وشیش ساجھے دار تھے اور 3 : 2 کے تناسب میں نفع-نقصان بانٹتے تھے۔ 31 مارچ 2022 کو اُس کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی:

**31 مارچ 2022 کو آشیش اور وشیش کی بیلنس شیٹ**

| دین داریاں | | رقم (₹) | اثاثے | | رقم (₹) |
|---|---|---|---|---|---|
| لین دار | | 30,000 | بینک میں نقد | | 50,000 |
| غیر ادائیگی شدہ بجلی کا بل | | 20,000 | دین دار | 80,000 | |
| سرمایہ: | | | نفی: ڈوبے قرضوں کا اہتمام | 2,000 | 78,000 |
| آشیش | 3,00,000 | | اسٹاک | | 1,12,000 |
| وشیش | 2,00,000 | 5,00,000 | مشینری | | 3,00,000 |
| | | | نفع-نقصان کھاتہ | | 10,000 |
| | | **5,50,000** | | | **5,50,000** |

یکم اپریل 2022 کو منافع میں 1/4 ویں حصے کے لیے مندرجہ ذیل شرائط پر مانیا کو ایک نیا ساجھے دار بنایا گیا:

(i) مانیا اپنے سرمائے کے لیے ₹ 1,00,000 اور ساکھ پریمیم اپنے حصے کے لیے ₹ 50,000 نقد لائے گی۔

(ii) غیر ادائیگی شدہ بجلی بل کی ادائیگی کر دی جائے گی۔

(iii) اسٹاک کی قیمت ₹ 12,000 زیادہ پائی گئی۔

مانیا کے داخلے پر فرم کی کتابوں میں ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔ 6

24. (a) وانی لمٹیڈ ₹ 10 کے حساب سے 1,00,000 اکوئٹی شیئرز کو 10% پریمیم پر جاری کرنے کے لیے درخواستیں طلب کیں۔ رقم کی ادائیگی حسب ذیل طریقے سے کی جانی تھی:

درخواست اور الاٹ منٹ پر ₹ 4 – فی شیئر (₹1 پریمیم کے ہمراہ)

پہلی طلبی پر ₹ 4 – فی شیئر

دوسری اور آخری طلبی پر ₹ 3 – فی شیئر

1,50,000 شیئرز کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں۔ سبھی درخواستوں کو تناسبی بنیاد پر الاٹ منٹ کر دیا گیا۔ درخواست پر دی گئی فاضل رقم کی بھرائی طلبیوں پر قابل ادائیگی رقوم میں کر لی گئی۔ ایک حصص دار نے جس نے 600 حصص کے لیے درخواست دی تھی، نے پہلی طلبی کی ادائیگی نہیں کی۔ اُس کے حصص ضبط کر لیے گئے۔ دوسری اور آخری طلبی ابھی تک مانگی نہیں گئی تھی۔ ضبط شدہ حصص میں سے آدھے حصص کو ₹ 8 فی شیئر مکمل ادائیگی پر دوبارہ جاری کیا گیا۔

جہاں ضروری ہو بقیہ طلبیوں کا کھاتہ اور پیشگی طلبیوں کا کھاتہ کھول کر مندرجہ بالا لین دین کے لیے وانی لمٹیڈ کی کتابوں میں ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔ 6

یا

(b) مندرجہ ذیل حالات میں حصص کی ضبطی اور ضبط شدہ حصص کے از سر نو اجراء کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے:

(i) وپن لمٹیڈ نے 10 ₹ فی شیئر کے حساب سے 10,000 حصص کو جنہیں 1 ₹ فی شیئر پریمیم پر جاری کیا گیا تھا، 2 ₹ فی شیئر کی دوسری اور آخری طلبی کی ادائیگی نہ کرنے پر ضبط کر لیا گیا۔ ان حصص میں سے 60% حصص کو 7 ₹ فی شیئر مکمل ادائیگی کے ساتھ از سر نو جاری کر دیا گیا۔ 3

(ii) دیپک لمٹیڈ نے 10 ₹ فی شیئر کے حساب سے 800 حصص کو جن پر 8 ₹ فی شیئر مانگے گئے تھے 3 ₹ فی شیئر کی پہلی طلبی کی ادائیگی نہ کرنے پر ضبط کر لیا۔ سبھی ضبط شدہ حصص کو 12 ₹ فی شیر مکمل ادائیگی پر از سر نو جاری کر دیا گیا۔ 3

25. مختلف اثاثوں (نقدی کو چھوڑ کر) اور فریق ثالث کے واجبات کی وصولی کھاتے میں منتقلی کے بعد 31 مارچ 2022 کو ساجھے داری فرم کی تحلیل پر مندرجہ ذیل لین دین کا ضروری روزنامچہ اندراج کیجیے:

(a) 90,000 ₹ کے لین داروں نے اپنے دعوے کی مکمل ادائیگی میں 2,00,000 ₹ کی اَراضی اور عمارت لے لی۔

(b) سونو نے 50,000 ₹ کے دین داروں کو 40,000 ₹ میں لے لیا۔

(c) تحلیل کا خرچ 1,800 ₹ تھا جس کی ادائیگی سونو نے کی۔

(d) مشین کو میتا نے 11,000 ₹ میں لے لیا جبکہ اس کی ممکنہ بازاری قیمت 15,000 ₹ تھی۔

(e) سونو نے 20,000 ₹ کے اپنی بیوی کے قرض کی ادائیگی کرنے سے اتفاق کیا۔

(f) تحلیل پر 50,000 ₹ کا منافع ہوا۔ 6

26. چرنجیوی لمٹیڈ نے 100 ₹ فی قرض نامے کے حساب سے 2,000 ، 10% قرض ناموں کا اجرا کیا۔ مندرجہ ذیل حالات میں قرض ناموں کے اجرا کے ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔

(a) جب قرض ناموں کا اجرا 10% پریمیم پر کیا گیا اور اُن کی بازیابی 5% کے پریمیم پر کرنی ہے۔

(b) جب قرض ناموں کا اجرا 5% بٹے پر کیا گیا اور اُن کی بازیابی 10% پریمیم پر کرنی ہے۔

(c) جب قرض ناموں کا اجرا مساوی قیمت پر کیا گیا اور اُن کی بازیابی 10% پریمیم پر کرنی ہے۔ 6

## حصہ - B

## متبادل - I

## (مالی گوشواروں کا تجزیہ)

27. (a) مندرجہ ذیل میں سے کون سے لین دین کا نتیجہ نقدی کا بہاؤ نہیں ہوگا؟ 1

(A) مشینری کی خریداری

(B) سرمایہ کاریوں کی فروخت

(C) اکوئٹی شیئرز کے اجرا کے ذریعے مشینری کا حصول

(D) قرض ناموں کی بازیابی

**یا**

(b) نقدی کے بہاؤ کے گوشوارہ تیار کیے جانے کے مقصد سے کالم – II میں دیے گئے لین دین کو کالم – I میں دی گئی اُن کی صحیح سرگرمیوں سے ملان کیجیے: 1

| کالم – I | کالم – II |
|---|---|
| (a) سرمایہ کاری کی سرگرمیاں | (i) سود کی ادائیگی |
| (b) مالی سرگرمی | (ii) ساکھ کی خریداری |
| (c) آپریشن کی سرگرمیاں | (iii) اشیاء کی فروخت سے حاصل نقدی |

| | (a) | (b) | (c) |
|---|---|---|---|
| (A) | (iii) | (i) | (ii) |
| (B) | (ii) | (i) | (iii) |
| (C) | (i) | (iii) | (ii) |
| (D) | (ii) | (iii) | (i) |

28. (a) مندرجہ ذیل میں سے کون سے مالی گوشوارے تجزیے طریقے نہیں ہیں؟ 1

(i) نقدی بہاؤ گوشوارہ (ii) آمدنی گوشوارہ

(iii) بیلنس شیٹ (iv) تناسب کا تجزیہ

(A) (i) اور (ii) (B) (ii) اور (iv)

(C) (ii) اور (iii) (D) (iii) اور (iv)

**یا**

(b) مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان صحیح نہیں ہے؟ 1

(A) لکویڈیٹی کے تناسبوں کا حساب کاروبار کی قلیل مدتی صلاحیت بازیابی کی پیمائش کے لیے کی جاتی ہے۔

(B) چالو تناسب کو ایسڈ ٹیسٹ رشیو کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔

(C) قرض کی بازیابی کے تناسبوں کا حساب کاروبار کے ذریعے طویل مدت میں اس کے قرضوں کی ادائیگی کی صلاحیت کے تعین کی غرض سے کی جاتی ہے۔

(D) مالکانہ تناسب مالکوں کی رقوم سے خالص/کل اثاثوں کے متعلق کو ظاہر کرتا ہے۔

29. 'نقدی کے بہاؤ کا گوشوارہ' تیار کرنے کے مقصد سے مندرجہ ذیل میں سے کون سی سرگرمیاں آپریشنل سرگرمیاں ہیں؟ 1

(i) سیکورٹیز پر حاصل ڈیویڈنڈ اور سود

(ii) ملازمیت کی مراعات کے خرچوں کی ادائیگی

(iii) رائلٹی اور فیس سے حاصل نقدی

(iv) مشینری کی خریداری کے لیے حصص کا اجراء

(A) (i)، (ii) اور (iii) (B) (ii)، (iii) اور (iv)

(C) (i)، (ii) اور (iv) (D) (ii) اور (iii)

30. ایکس لمٹیڈ کے چالو اثاثے 2,00,000 ₹ کے تھے۔ چالو دین داریاں 1,50,000 ₹ کی ہیں۔ اگر اس کے کاروباری سرمائے کے حاصل (turnover) کا تناسب 6 گنا ہے، تو اس کی آپریشن سے ریونیو ہو گی: 1

(A) ₹ 2,00,000 (B) ₹ 3,00,000

(C) ₹ 2,50,000 (D) ₹ 1,50,000

31. کمپنی ضابطہ 2013 کی فہرست III حصہ I کے مطابق مندرجہ ذیل مدوں کو ایک کمپنی کی بیلنس شیٹ میں کن اہم عنوانات اور ذیلی عنوانات کے تحت دکھایا جائے گا؟ 3

(a) چیک-ڈرافٹ در دست

(b) Work-in-Progress

(c) نفع-نقصان گوشوارہ کا بیلنس

32. "یہ ایک تکنیک ہے جس میں حسابی رشتوں کے استعمال کے ذریعے اعداد و شمار کی دوبارہ زمرہ بندی کی جاتی ہے۔" اس تکنیک کی پہچان کیجیے اور پہچان کی گئی تکنیک کے کنہی دو فائدوں کو بیان کیجیے۔ 3

33. (a) مندرجہ ذیل معلومات سے افتتاحی اور اختتامی انونٹری کا حساب لگایئے:

انونٹری ٹرن اوور تناسب – 4 گنا

مجموعی منافع = آپریشن سے ریونیو کا 20%

آپریشن سے ریونیو = ₹ 10,00,000

افتتاحی انونٹری، اختتامی انونٹری کا 25% ہے۔ 4

یا

(b) زیڈ لمٹیڈ کا قرض-اکوئٹی تناسب 2 : 1 کا ہے۔ وجہ کے ساتھ بتائیے کہ مندرجہ ذیل لین دین سے قرض-اکوئٹی تناسب بڑھے گا، گھٹے گا یا اُس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی؟

(i) ₹ 3,00,000 ، 9% قرض ناموں کی اکوئٹی حصص میں تبدیلی

(ii) دین داروں سے ₹ 1,00,000 کی نقد وصولی

(iii) ₹ 10,00,000 کے 11% قرض ناموں کی بازیابی

(iv) ₹ 4,00,000 کے مال کی اُدھار خریداری 4

34. مندرجہ ذیل تصوراتی بیان کو پڑھیے اور اُس کی بنیاد پر نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

سال 2019 میں اَدتی نے 'فنز لمٹیڈ' نام کا اپنا اسٹارٹ اپ شروع کیا۔ 'فنز لمٹیڈ' ایک قدرتی جوس نکالنے والی اکائی ہے۔ صحت سے متعلق بیداری کی وجہ سے لگاتار کئی برسوں سے اُس کا منافع بڑھ رہا ہے۔ 6

31 مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے لیے فنز لمٹیڈ کی بیلنس شیٹ سے مندرجہ ذیل معلومات اخذ کی گئی:

| | **31 مارچ 2022**<br>**(₹)** | **31 مارچ 2021**<br>**(₹)** |
|---|---|---|
| اکوئٹی حصص سرمایہ | 90,00,000 | 60,00,000 |
| 11% قرض نامے | 30,00,000 | 50,00,000 |
| مشینری (لاگت قیمت پر) | 28,00,000 | 20,00,000 |
| مشینری پر جمع ہوئی فرسودگی | 90,000 | 60,000 |

**اضافی معلومات:**

(i) سال کے دوران 4,00,000 ₹ لاگت کی ایک مشین کی خریداری 30,000 ₹ کے منافع پر کی گئی۔

(ii) سال میں مشینری پر لگائی گئی فرسودگی 50,000 ₹ تھی۔

(iii) 11% قرض ناموں پر ادائیگی شدہ سود کی رقم 5,50,000 ₹ تھی۔

(iv) اکوئٹی حصص پر 3,00,000 ₹ کے ڈویڈنڈ کی ادائیگی کی گئی۔

(v) قرض ناموں کی بازیابی 31 مارچ 2022 کو 10% پریمیم پر کی گئی۔

'فنز لمٹیڈ' کی سرمایہ کارانہ سرگرمیوں سے نقدی کے بہاؤ کا حساب لگائیے۔

## حصہ - B

## متبادل - II

## (کمپیوٹرائزڈ کھاتہ داری)

27. ایسے کوڈ جن میں حروف تہجی (alphabets) یا مخففات شامل ہوں، کہلاتے ہیں 1

(A) سی کوئنشیل کوڈز (B) بلاک کوڈز

(C) نمبر کوڈز (D) منی مونک کوڈز (Mnemonic codes)

28. (a) ایم ایس ایکسس میں ایک فیلڈ نام لکھنے کے لیے استعمال کیے جا سکنے والے زیادہ سے زیادہ علامات کی تعداد ہے 1

(A) 28 (B) 32

(C) 64 (D) 104

**یا**

(b) ورک شیٹ میں انجام دی گئی آخری سرگرمی کو اُلٹنے کے لیے مندرجہ ذیل میں سے کون سی کمانڈ دی جاتی ہے؟ 1

(A) Undo (B) Cut

(C) Paste (D) Redo

29. مندرجہ ذیل میں سے کون سا منافع Pivot table کا فائدہ نہیں ہے؟ 1

(A) اعداد و شمار کی فلٹرنگ

(B) صارف نواز

(C) قطاروں کو کالم کی طرف اور کالموں کو قطاروں کی طرف لے جانا

(D) بڑی تعداد میں اعداد و شمار کا خلاصہ نہیں کر سکتا

30. (a) مندرجہ ذیل میں سے کون سا آئی ایف عمل کی دلیل نہیں ہے؟ 1

(A) Value-if-true (B) Value-when-false

(C) Value-if-false (D) Logical test

یا

(b) جب کوئی ورک شیٹ تشکیل دی جاتی ہے تو کتنی خالی جگہیں دکھائی جاتی ہیں؟ 1

(A) تین (B) چار

(C) ایک (D) دو

31. کھاتہ داری اطلاعاتی نظام کے مندرجہ ذیل نظاموں کی وضاحت کیجیے: 3

(i) نقد اور بینک ذیلی نظام

(ii) سیلز اینڈ اکاؤنٹس ریسیوایبل ذیلی نظام

32. 'نمبر فارمیٹنگ'، 'فیصد' اور 'تاریخوں' کی وضاحت ڈیٹا فارمیٹنگ ٹولز کے طور پر کیجیے۔ 3

33. (a) اکاؤنٹنگ سائیکل کی تعریف کیجیے اور اکاؤنٹنگ سائیکل میں شامل مراحل کی توضیح کیجیے۔ 4

**یا**

(b) کمپیوٹرائزڈ کھاتہ داری نظام کی سکورٹی فیچرز کے طور پر 'پاسورڈ سکیورٹی' اور 'ڈیٹا آڈٹ' کے معنی کی وضاحت کیجیے۔ 4

34. اُس غلطی کا نام بتایئے جو cell reference کے کارآمد نہ رہنے پر ظاہر ہوتی ہے۔ بتائیں کہ یہ غلطی کیسے درست کی جاسکتی ہے؟ 6

---